حج درخواست برائے سال 2023

رجسٹرڈ صنعتی اداروں کو تحفظ یافتہ کارکنان سے حج کے لئے درخواستوں کی وصولی

ورکرز ویلفئر فنڈ اسلام آباد گورننگ باڈی کے فیصلہ کے مطابق ہر سال خیبر پختونخواہ سے دس (10) تحفظ یافتہ کارکنان کو ادارہ کے اخراجات پر فریضہ حج ادا کرنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔اس سلسلے میں صوبہ خیبر پختونخوا کے تمام حاضر سروس تحفظ یافتہ صنعتی کارکنان سے مندرجہ ذیل شرائط پر درخواستیں مطلوب ہیں۔

1) محنت کش کی عمر کم از کم چالیس (40) سال ہو اور 60 سال سے زائد نہ ہو۔
2) محنت کش ایمپلائز سوشل سیکیورٹی انسٹیٹیوشن (ESSI) یا ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹیٹیوشن (EOBI) کے ساتھ رجسٹرڈ ہو.
3) ادارہ، فیکٹریز ایکٹ 2013 / 1934 کے تحت رجسٹرڈ ہو۔
4) حلف نامہ، کہ محنت کش، اس سے پہلے EOBI یا کسی اور ادارے کے حج سکیم سے مستفید نہ ہوا ہو۔
5) سرکار کے زیر انتظام چلنے والے ادارے کے ملازمین / ورکرز اہل نہیں ہونگے۔
6) ریٹائرڈ، مستعفی یا برخاست شدہ محنت کش درخواست دینے کے اہل نہیں ہونگے۔
7) حتمی چناؤ بذریعہ قرعہ اندازی ہوگا۔
8) حج کمیٹی کسی بھی درخواست کو کسی بھی مرحلے پر مسترد کرنے کا حق رکھتی ہے اور کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا جو کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔
9) اس ضمن میں درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 28.02.2023 ہے۔مقررہ تاریخ کے بعد کوئی درخواست وصول نہیں کی جائیگی۔اور نہ ہی نامکمل درخواستوں پر غور کیا جائیگا۔

تمام محنت کشوں سے درخواست ہے کہ وہ اپنی درخواست بمعہ مکمل کوائف (نام، ولدیت، عمر، ادارے کا نام و پتہ، عہدہ، قومی شناختی کارڈ، ای او بی آئی، ای ایس ایس آئی اور فیکٹری رجسٹریشن کی مصدقہ نقول وغیرہ) زیر دستخطی کو مقررہ تاریخ سے پہلے ارسال کریں.

نوٹ:۔ ہر ورکر علیحدہ علیحدہ لفافہ میں درخواست بنام ڈائریکٹر لیبر خیبر پختونخوا ارسال کرے، نیز لفافہ کے اوپر درخواست برائے حج اور پشت پر واضح طور پر نام و پتہ بمعہ ٹیلیفون/موبائل نمبر ضرور تحریر کریں۔

سیکرٹری گورنمنٹ آف خیبر پختونخوا، لیبر ڈیپارٹمنٹ/ چیئرمین ورکرز ویلفیئر بورڈ

ڈائریکٹر لیبر خیبر پختونخوا

ڈائریکٹوریٹ آف لیبر۔تیسری منزل ایف سی ٹرسٹ بلڈنگ , سنہری مسجد روڈ، پشاور صدر

ٹیلیفون نمبر (091-9211543)